**14-10-2024**
**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ**
**پہلے اِس وقت کی اہم خبریں**

---

1. مرکز نے جموں وکشمیر میں صدر راج ختم کردیا ہے، جس سے مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے میں ایک نئی سرکار بنانے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔
2. BJP نے وزیر داخلہ امت شاہ اور مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادو کو، ہریانہ BJP قانون ساز پارٹی کی میٹنگ کیلئے مرکزی مشاہدین کے طور پر مقرر کیا ہے۔
3. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، الجیئرز میں بھارتی برادری سے خطاب کیا۔ وہ آج الجیریا کے رہنماؤں کے ساتھ ملاقاتیں کریں گی۔
4. لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، آج جنیوا میں IPU کی گورننگ کونسل کی میٹنگ میں شرکت کریں گے اور بھارتی برادری سے خطاب کریں گے۔
5. بھارت کی تانیا ہیمنت نے، تائیپے کی Tung Ciou-Tong کو شکست دے کر آسٹریلیا میں، Bendigo بین الاقوامی چیلنج بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں، خواتین کے سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔
6. اور چوتھی، ہاکی انڈیا سینئر خواتین بین محکمہ جاتی قومی چمپئن شپ آج شروع ہوگی۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**J&K Prez Rule**

مرکز نے جموں وکشمیر میں صدر راج ختم کردیا ہے۔ اس طرح مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے میں ایک نئی سرکار بنانے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ مرکزی حکومت نے اِس سلسلے میں ایک اطلاع نامہ جاری کیا ہے۔

نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبداللہ نے جموں وکشمیر میں نئی سرکار بنانے کا دعویٰ پیش کیا ہے۔

نیشنل کانفرنس-کانگریس اتحاد نے حال ہی میں اسمبلی انتخابات میں اکثریت حاصل کی تھی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

## BJP Appointment

BJP نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو کو ہریانہ BJP لیجسلیٹر پارٹی کی اُس میٹنگ کیلئے مرکزی مشاہد مقرر کیا ہے، جس میں لیڈر کا انتخاب کیا جائے گا، جبکہ پارٹی نے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی اور پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری ترون Chugh کو جموں و کشمیر BJP لیجسلیٹر پارٹی کی میٹنگ کیلئے مرکزی مشاہد مقرر کیا ہے۔

## Prez Algeria

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، تین ملکوں الجیریا، موریتانیہ اور ملاوی کے اپنے ایک ہفتہ طویل دورے کے پہلے مرحلے میں کَل رات Algiers پہنچ گئیں۔

الجیریا میں آج وہ اپنے دورے کے دوسرے دن، الجیریا کی قیادت کے ساتھ مختلف دو طرفہ ملاقاتیں کریں گی، جس کا مقصد بھارت-الجیریا تعلقات کو مستحکم بنانے اور وسعت دینے کے عمل میں تیز رفتاری لانا ہے۔

ایک رپورٹ

## PM Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو کَل شام الجیئرز بین الاقوامی ہوائی اڈہ پہنچنے کے بعد ایک باقاعدہ استقبالیہ دیا گیا۔ اُن کا خیرمقدم، الجیریا کے پیپلز ڈیموکریٹک ریپلک کے صدر عبدالماجد تِبّون نے کیا۔ کَل شام بعد میں بھارتی برادری کی طرف سے منعقدہ ایک استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے، الجیریا میں بھارتی برادری کی کوششوں کو سراہا اور اِس کے ارکان سے زور دے کر کہا کہ وہ فلاحی کام جاری رکھیں جس سے بھارت-الجیریا تعلقات میں مزید استحکام آئے گا۔ صدر جمہوریہ، آج شہیدوں کی یادگار مقامِ شہید کا دورہ کریں گی اور گُل دائرہ نذر کریں گی، جو الجیریا کی جنگ آزادی کے مجاہدین کی یاد میں تعمیر کیا گیا تھا۔

صدر جمہوریہ، اپنے ہم منصب عبدالماجد تِبّون کے ساتھ دوطرفہ ملاقات کریں گی اور وفد کی سطح کی بات چیت کریں گی۔ وہ آج الجیریا کے، بھارتی اقتصادی فورم سے بھی خطاب کریں گی۔

الجیئرس سے میوشا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں محمدعمار

صدر جمہوریہ نے اپنے دورے کی اہمیت کے بارے کہا:

## 0815-Prez Murmu

صدر جمہوریہ اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں 16 اکتوبر کو موریتانیہ کا دورہ کریں گی اور آخری مرحلے میں وہ 17 سے 19اکتوبر تک ملاوی کا دورہ کریں گی۔

صدر جمہوریہ اِن ملکوں کے اپنے دورے میں سربراہان کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں کریں گی اور تجارت و صنعت کی اہم شخصیتوں اور بھارتی برادری کے ارکان سے بات کریں گی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے اِس تین ملکوں کے دورے کا مقصد، اِن افریقی ملکوں کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو توسیع دینا اور مستحکم بنانا ہے۔

**Birla IPU**

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کَل رات جنیوا پہنچ گئے ہیں۔وہ بین پارلیمانی یونین IPU کی 149 وِیں اسمبلی میں ایک پارلیمانی وفد کی قیادت کررہے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب برلا نے کہا کہ وہ اپنے دورے میں ”ایک مزید پُرمن اور مستحکم مستقبل کیلئے سائنس، ٹیکنالوجی اور اختراع کے فروغ“ کے موضوع پر، اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ یہ اسمبلی اِس ماہ کی 17 تاریخ تک جاری رہے گی۔ جناب برلا، آج جنیوا میں IPU کی گورننگ کونسل کی میٹنگز میں شرکت کریں گے اور وہاں آباد بھارتی برادری سے ملاقات کریں گے۔ اِس کے علاوہ وہ اسمبلی سے الگ، دیگر ملکوں کی پارلیمنٹس کی، اپنی ہم منصب شخصیتوں سے ملاقات کریں گے۔

یہ وفد راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری ونش سنگھ، دونوں ایوانوں کے سکریٹری جنرل اور پارلیمنٹ کے دیگر ارکان پر مشتمل ہے۔

**US India Strategic**

امریکہ-بھارت دفاعی شراکت داری USISPF، آج نئی دلی میں اپنی سالانہ ”بھارت کی قیادت سے متعلق سربراہ کانفرنس 2024“ کی میزبانی کیلئے تیار ہے، جس کا مقصد دوطرفہ تجارت، سپلائی چین، سیمی کنڈکٹرس کے شعبے میں سرمایہ کاری، مصنوعی ذہانتAI اور اگلے دور کی ٹیکنالوجی سے متعلق تعاون کو فروغ دینا ہے۔

یہ سربراہ کانفرنس، کواڈ رہنماؤں کی سربراہ کانفرنس اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کیلئے امریکہ کے، وزیراعظم نریندر مودی کے حالیہ کامیاب دورے کے بعد منعقد ہورہی ہے۔

اِس ایک روزہ سربراہ کانفرنس کا مقصد دفاعی تعلقات اور صاف ستھری توانائی کو فروغ دینا نیز ایک آزاد اور کھلے بھارت-بحرالکاہل خطے کی حفاظت کرنا ہے۔

USISPF کے چیئرمین John Chambers نے کہا کہ یہ صدی، بھارت کی صدی ہے، اور وہ مستقبل کے امکانات کے تئیں کافی پُرجوش ہیں کیونکہ ہم، دونوں ملکوں کیلئے ایک مشترکہ اور خوشحال مستقبل کی تعمیر کیلئے، بھارتی رہنماؤں کے ساتھ قریبی کام کاج کررہے ہیں۔

یہ سربراہ کانفرنس، امریکہ اور بھارت کے درمیان متحرک دفاعی شراکت داری کو مستحکم کرنے کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر کام کررہی ہے۔ اِس کانفرنس میں کئی اجلاس منعقد کئے جائیں گے، جن میں ممتاز رہنما شرکت کریں گے۔ اِن رہنماؤں میں مرکزی وزراء پیوش گوئل، دھرمیندر پردھان اور جیوترادتیہ سندھیا اور دیگر اہم افسران شامل ہیں۔

اِس سربراہ کانفرنس میں بھارت کی، مصنوعات سازی سے متعلق معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے حکمت عملی تیار کی جائے گی، جیسا کہ امریکہ اور بھارت، عالمی سپلائی چین کی تعمیر نوع اور اِس میں پھر سے ہم آہنگی لانے کے سلسلے میں مشترکہ طور پر کام کررہے ہیں۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## Delhi Gujrat Polic Cocaine

منشیات کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی مرکزی حکومت کی پالیسی اور نشہ مکت ابھیان کے تحت دلی پولیس کی خصوصی سیل اور گجرات پولیس نے، گجرات سے 518 کلوگرام کوکین ضبط کیے ہیں۔ ذرائع نے کہا ہے کہ مشترکہ کارروائی کے دوران کَل گجرات کے آنکلیشور میں Avkar ڈرگس لمیٹڈ کمپنی سے کوکین برآمد کیے گئے۔ بین الاقوامی بازار میں اس کی قیمت تقریباً پانچ ہزار کروڑ روپے ہے۔

## UP Behraich Clashes

اترپردیش کے بہرائچ ضلعے میں پولیس نے ایک شخص کو گرفتار کیا ہے جس نے مبینہ طور پر درگا پوجا کے جلوس پر فائرنگ کی تھی اور جس کے نتیجے میں ایک نوجوان کی موت ہوگئی تھی۔ Hardi علاقے کے Rehua Mansoor گاؤں میں ہفتے کی شام درگا مورتیوں کے وِسرجن کے دوران دو گروپوں کے درمیان جھڑپ میں کچھ لوگ زخمی بھی ہوئے تھے۔ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے افسران کو تشدد کے مرتکب افراد کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دی ہے۔ اِس واقعے میں گولی لگنے سے 22 سال کے ایک نوجوان کی موت ہوگئی تھی۔ پورے ضلعے میں حالات کشیدہ ہیں۔

اِس سے پہلے مظاہرین نے قصورواروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے بہرائچ سے سیتاپور جانے والی شاہراہ کو بند کردیا تھا۔ امن و امان برقرار رکھنے کے لیے علاقے میں بڑی تعداد میں پولیس فورس تعینات کی گئی ہے۔

## J&K Temple Lana

جموں و کشمیر میں حکومت نے دونوں ڈویژنل کمشنروں اور کُل 20 ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے اپنے دائرہئ اختیار میں آنے والے مندروں کی اراضی کی حد بندی اور تجاوزات کو ہٹانے کو یقینی بنائیں۔ تمام تاریخی مندوں کی تازہ صورتحال کی تفصیلی جانکاری حاصل کی جائے گی اور اسے ثقافت کے محکمے کی ویب سائٹ پر ڈالا جائے گا۔ جموں و کشمیر کے چیف سکریٹری نے حال ہی میں جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے حکم نامے کی روشنی میں مرکز کے زیرِ انتظام علاقے میں مندروں کی بحالی پر بات چیت کی۔ چیف سکریٹری نے محکمہئ ثقاقت کو ہدایت دی کہ وہ دونوں ڈویژنل کمشنروں کے ساتھ تال میل کریں تاکہ تمام ڈپٹی کمشنروں سے مندروں کی زمن کی موجودہ حیثیت کے بارے میں مکمل جانکاری حاصل کی جا سکے اور اسے محکمہئ ثقافت کی ویب سائٹ پر ڈالا جا سکے۔

## MP Award

مقبول فلم پروڈیوسر، ہدایت کار اور اسکرین رائٹر راج کمار ہیرانی کو کَل مدھیہ پردیش کے کھنڈوا میں، معروف گلوکار اور اداکار کشور کمار کی 37 ویں برسی پر قومی کشور کمار ایوارڈ سے نوازا گیا۔

کھنڈوا، کشور کمار کی جائے پیدائش ہے۔ مدھیہ پردیش سرکار نے کابینی وزیر وجے شاہ نے راج کمار ہیرانی کو یہ قومی ایوارڈ تفویض کیا۔ یہ ایوارڈ 1997 سے مدھیہ پردیش سرکار کے ثقافت کے ڈائکٹوریٹ کی جانب سے ہر سال ممتاز فنکاروں کو دیا جاتا ہے۔

## IMD Weather

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے اگلے تین سے چار دن کے دوران تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور ساحلی آندھرا پردیش میں انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کل کرناٹک کے ساحلی اور جنوبی اندرونی علاقوں میں بھی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اس بیچ ہفتے کے دوران گجرات، کونکن، گوا، وسطی مہاراشٹر، مراٹھواڑہ، مدھیہ پردیش، ودربھ، چھتیس گڑھ میں ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔

موسمیات کے محکمے نے کہا کہ جنوب مغربی مانسون بہار، جھارکھنڈ، کے باقی حصوں، پورے مغربی بنگال، سکم اور چھتیس گڑھ کے مزید کچھ حصوں، مدھیہ پردیش، اوڈیشہ، آسام اور میگھالیہ میں ختم ہوگیاہے۔ جنوب مغربی مانسون کے ملک کے باقی حصوں میں اگلے دو دن کے دوران ختم ہونے کا امکان ہے۔

## Hockey

چوتھی ہاکی انڈیا سینئر وُومن انٹر ڈپارٹمنٹ نیشنل چمپئن شپ آج نئی دلی کے میجر دھیان چند اسٹیڈیم میں شروع ہوگی۔ اِس ٹورنامنٹ میں کُل 12 ٹیمیں حصہ لیں گی۔ اِن ٹیموں کو چار گروپ میں تقسیم کیا گیا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ اِس مہینے کی 21 تاریخ تک جاری رہے گا۔ لیگ مرحلے کے دوران ہر ٹیم اپنے گروپ کی دیگر ٹیموں کے خلاف کھیلے گی۔

## Hockety Auction

بھارت کے کپتان ہرمن پریت سنگھ ہاکی انڈیا لیگ کی بولی کے پہلے دن سب سے زیادہ مہنگے کھلاڑی رہے۔ ”سورما ہاکی کلب“ نے سرکردہ کھلاڑی کو 78 لاکھ روپے کے عوض حاصل کیا۔ ابھیشیک دوسرے سب سے مہنگے کھلاڑی رہے۔ انھیں ’شَراچی راڑھ بنگال ٹائیگرس نے 72 لاکھ روپے کے عوض حاصل کیا۔ ہارِدک سنگھ کو یوپی رُدراس نے 70 لاکھ روپے میں خریدا۔

ہاکی انڈیا لیگ اِس سال 28 دسمبر سے شروع ہوگی۔

## Tennis Almaty Open

ٹینس میں آج قزاخستان کے شہر اَلماٹی میں، بھارت کے یوکی بھامری، رِتوِک چودھری Bollipalli اور ارجن کاڑھے، الماٹی اوپن میں مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنلس میں کھیلیں گے۔ رِتوِک اور ارجن کی جوڑی کا مقابلہ آج شام فِن لینڈ اور اٹلی کی جوڑی سے ہوگا۔

یوکی بھامری اور فرانس کے اُن کے ساتھی کھلاڑی اَلبانو اولی ویٹی کا سامنا جرمنی کی جوڑی جیکب شرائٹر اور مارک وال نَر سے ہوگا۔

## ISSF 2025 India

بین الاقوامی شوٹنگ اسپورٹ فیڈریشن ISSF کے صدر، لُوسیانو Rossi نے تصدیق کی ہے کہ بھارت 2025 میں ISSF جونیئر ورلڈ کپ کی میزبانی کرے گا۔ جناب Rossi کَل نئی دلی میں ISSF ورلڈ کپ فائنل، رائفل / پسٹل / شاٹ گَن سے قبل پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ جناب Rossi نے دنیا بھر میں نشانہ بازی کے فروغ اور بڑھتی ہوئی مقبولیت میں بھارت کے تعاون کی ستائش کی۔ اِس موقع پر نیشنل رائفلز ایسوسی ایشن آف انڈیا NRAI کے صدر کالی کیش نارائن سنگھ دیو موجود تھے۔

## Bedminton

بھارت کی تانیا ہیمنت نے کَل، تائپے کی Tung Ciou-Tong کو شکست دے کر آسٹریلیا میں، Bendigo بین الاقوامی چیلنج بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں، خواتین کے سنگلز کا خطاب جیت لیا۔ دوسرے درجے کی کھلاڑی تانیا نے اپنی حریف Tung کو خواتین کے سنگلز فائنل میں اکیس-سترہ، اکیس-سترہ سے ہرایا۔ یہ 21 سالہ تانیا کا تیسرا اور اِس سال پہلا بین الاقوامی خطاب ہے۔

## Brazil Strom

برازیل میں کَل، شدید طوفان کی وجہ سے تقریباً آٹھ افراد ہلاک اور ہزاروں پھنس گئے ہیں۔ میڈیا خبروں کے مطابق ملک کے وسطی اور جنوب مشرق میں، 100 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوائیں چلیں اور 10 سینٹی میٹر تک بارش ہوئی۔ ابھی تک Sao Paulo میں سات افراد ہلاک ہوئے ہیں اور ملٹری پولیس ہیڈ کوارٹر میں ایک فوجی جوان ہلاک ہوا ہے۔

## Kerala Actor Arrest

کیرالہ میں کوچی شہر کی پولیس نے آج صبح تمل-ملیالم فلم اداکار بالا کو اُن کی رہائش گاہ سے گرفتار کرلیا۔ یہ گرفتاری اُن کی سابقہ اہلیہ کی شکایت پر عمل میں آئی ہے۔ اُن کی سابق اہلیہ گلوکارہ امریتا سُریش نے، سوشل میڈیا پر اُن کی توہین کرنے پر اداکار بالا کے خلاف شکایت درج کرائی تھی اور یہ بھی دعویٰ کیا تھا کہ اُن کی پوسٹ سے اُن کی 12 سالہ بیٹی کو جذباتی ٹھیس پہنچی تھی۔ پولیس نے اداکار بالا کے خلاف جوینائل جسٹس ایکٹ کے تحت ایک اور معاملہ درج کیا ہے۔ اداکار کو آج عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

## Hezbollah Drone Attack

وسطی شمالی اسرائیل میں واقع، ایک فوجی اڈے پر کل رات حزب اللہ کے ڈرون حملے میں کم سے کم چار اسرائیلی فوجی ہلاک اور 58 زخمی ہوگئے۔

اسرائیل کی دفاعی فورسز IDF کے مطابق، حزب اللہ کی طرف سے داغے گئے ایک UAV نے، تل ابیب کے شمال میں واقع قصبہ Binyamina سے ملحقہ ایک فوجی اڈے کو نشانہ بنایا۔

اس دوران لبنان کے حزب اللہ ملی ٹینٹ گروپ نے کہا ہے کہ یہ حملہ جمعرات کو لبنان میں اسرائیلی حملوں کے جواب میں کیا گیا ہے۔ اسرائیلی حملے میں 22 افراد ہلاک اور 117 زخمی ہوگئے تھے۔

پچھلے سال اکتوبر میں اسرائیل میں حماس کے حملے کے بعد غزہ میں جنگ کے آغاز کے بعد سے مغربی کنارے میں تشدد میں اضافہ ہوا ہے۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے بیشتر اخبارات نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے تین افریقی ملکوں الجزائر، موریطانیہ اور ملاوی دورے سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

اخبار روزنامہ راشٹریہ سہارا نے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ عدالتی فیصلے ہی نہیں، عدالتوں کو جانے والا راستہ بھی شفاف ہو۔ سپریم کورٹ کو عوام کی عدالت ہونے پر فخر۔

اخبار انقلاب لکھتا ہے: کولکاتہ میں بھوک ہڑتال پر بیٹھے جونیئر ڈاکٹر کی طبیعت خراب، اسپتال میں داخل، اخبار پرتاپ نے بھی اس خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

اخبارات نے مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادو کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ مدھیہ پردیش صنعت اور سرمایہ کاری کے میدان میں ایک نئی شناخت بنا رہا ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- مشرق وسطیٰ میں خطرات، اسرائیل کو امریکی دفاعی نظام دیے جانے پر غور۔
- امن کا نوبیل انعام جیتنے والے گروپ نے جوہری جنگ کے بڑھتے ہوئے خطرات سے خبردار کیا۔
- موسمیاتی تبدیلی نے سمندری طوفان ملٹن کو تباہ کن بنادیا: سائنسدانوں کا تجزیہ۔
- خرطوم کے بازار پر فضائی حملے، 23 افراد ہلاک
- برکس کا فوجی تنظیم بنانے کا کوئی منصوبہ نہیں: روس کا بیان

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. مرکز نے جموں وکشمیر میں صدر راج ختم کردیا ہے، جس سے مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے میں ایک نئی سرکار بنانے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔

2 BJP نے وزیر داخلہ امت شاہ اور مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادو کو، ہریانہ BJP قانون ساز پارٹی کی میٹنگ کیلئے مرکزی مشاہدین کے طور پر مقرر کیا ہے۔

3 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، الجیئرز میں بھارتی برادری سے خطاب کیا۔ وہ آج الجیریا کے رہنماؤں کے ساتھ ملاقاتیں کریں گی۔

4 لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، آج جنیوا میں IPU کی گورننگ کونسل کی میٹنگ میں شرکت کریں گے اور بھارتی برادری سے خطاب کریں گے۔

5 بھارت کی تانیا ہیمنت نے، تائیپے کی Tung Ciou-Tong کو شکست دے کر آسٹریلیا میں، Bendigo بین الاقوامی چیلنج بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں، خواتین کے سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

6 اور چوتھی، ہاکی انڈیا سینئر خواتین بین محکمہ جاتی قومی چمپئن شپ آج شروع ہوگی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------